میک اپ آرٹسٹ کا دلہن کی تصاویر اشتہار کے لئے سوشل میڈیا پر ڈالنا

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2500

تاریخ اجراء: 08 شعبان المعظم 1445ھ/19 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میں ایک میک اپ آرٹسٹ ہوں۔ اور اپنے کام کی تشہیر کے لئے سوشل میڈیا پر میں نے اکاؤنٹ بنایا ہوا ہے اور جس دلہن کو تیار کرتی ہوں ان کی تصاویر وغیرہ اپنے پیج پر لگاتی ہوں۔ تو کیا ایسے مجھے اپنے کام کی تشہیر کرنے کی اجازت ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

دریافت کردہ صورت میں آپ کا بے پردہ عورتوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر لگانا ناجائز و حرام اور اشاعتِ فاحشہ ہے کہ وہ تصاویر جتنے افراد دیکھیں گے اور آگے شیئر کریں گے، ان سب کے گناہوں کے برابر آپ کو گناہ ملے گا۔

صحیح مسلم، جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ، سنن دارمی، مسند احمد، مسند ابی یعلی، صحیح ابن حبان اور المعجم الأوسط میں ہے: (واللفظ للاول) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ومن دعا الی ضلالة كان عليه من الاثم مثل آثام من تبعه لا ينقص ذلك من آثامهم شيئا" ترجمہ: جو کسی کو امرِ ضلالت کی طرف بلائے؛ جتنے اس کے بلانے پر چلیں، ان سب کے برابر اس پر گناہ ہو گا اور اس سے ان کے گناہوں میں کچھ کمی نہ ہو گی۔ (الصحیح لمسلم، کتاب العلم، جلد4، صفحہ2060، دار احیاء التراث العربی، بیروت)

امام اہل سنت اعلی حضرت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: "میں نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ ایسی محافل میں جتنے لوگ کثرت سے جمع کئے جائیں گے، اسی قدر گناہ ووبال صاحبِ محفل و داعی پر بڑھے گا۔ حضار سب گنہگار اور اُن سب کا گناہ گانے بجانے والوں پر اور اُن کا، اِن کا سب کا بلانے والوں پر۔ بغیر اس کے کہ اُن میں کسی کے اپنے گناہ میں کچھ کمی ہو مثلاً دس ہزار حضار کا مجمع ہے، تو ان میں ہر ایک پر ایک ایک گناہ اور فرض کیجئے تین اقوال

تواُن میں ہر ایک پر اپنا گناہ اور دس دس ہزار گناہ حاضرین کے، یہ مجموعہ چالیس ہزار چار اور ایک اپنا، کل چالیس ہزار پانچ گناہ داعی وبانی پر۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: من دعاالیٰ ضلالۃ کان علیہ من الاثم مثل آثام من تبعہ لا ینقص ذٰلک من اٰثامھم شیئا رواہ الائمۃ احمدو الستۃ الا البخاری عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ایسے محرمات کو معاذاللہ موجب قربت جاننا جہل وضلال اور ان پر اصرار کبیرہ شدید الوبال اور دوسروں کو ترغیب اشاعت فاحشہ واضلال، والعیاذ باللہ من سوء الحال۔ (فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ150، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net